# مشقی سوالی پرچہ برائے جماعت دہم-03

## SSLC PRACTICE QUESTION PAPER-03

### Multiple Choice Questions Based Practice Question Paper

### 2020-21

### PAPER-02

### Subject : First Language Urdu

Code No. : 12-U

Time : 3 Hours

Total No. of Questions : 40 + 40 + 40 = 120

Max. Marks : 40 + 40 + 40 = 120

---

ہر سوال / نامکمل بیان کے لیے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ صحیح جواب کا انتخاب کر کے نیلی یا سیاہ بال پائنٹ پین سے دیئے گئے OMR شیٹ میں منتخب جواب شیڈ کریں۔

40X1 = 40

**1۔ اپنے خاندان کے جس فرد کا حضور ﷺ نے انتقامی خون کا بدلہ لینے کا حق چھوڑا۔**

A) نوفل بن حارث کے بیٹے

B) ربیعہ بن حارث کے بیٹے

C) ابوسفیان بن حارث کے بیٹے

D) عبداللہ بن حارث کے بیٹے

**2۔ شاعرہ آخری وقت جس سے بخشش کی فریاد کر رہی ہیں۔**

A) اللہ سبحان تعالیٰ

B) اپنے طلبا و طالبات

C) اپنی اولاد

D) اپنے والدین

**3۔ مصرعہ۔ صدائے کن سے ابد تک شباب تیرا ہے۔**

**درجِ بالا مصرعہ میں لفظ "شباب" کے لغوی معنی ہیں۔**

A) بچپن
B) جوانی
C) بڑھاپا
D) دلبر

**4۔ ذیل میں ڈاکٹر صغریٰ عالم کی سن پیدائش کی نشاندہی کیجیے۔**

A) 18 ، جنوری1938
B) 18، جنوری1939
C) 19، جنوری1938
D) 19، جنوری1939

**5۔ عربی اور عجمی کے تعلق سے حضور ﷺ نے فرمایا۔**

A) عربی کو عجمی پر بڑائی حاصل ہے
B) کسی عربی کو عجمی پر اور کسی عجمی کو عربی پر کوئی بڑائی نہیں
C) عربی اور عجمی برابر نہیں ہو سکتے
D) عجمی کو عربی پر بڑائی حاصل ہے

**6۔ "آج میں نے تمہارے دین کو تمہارے لیے مکمل کر دیا ہے اور اپنی نعمت تم پر پوری کر دی ہے اور تمہارے لیے اسلام کے دین کو چُن لیا"**
**درجِ بالا تکمیلِ دین کی آیت حضور ﷺ پر نازل ہوئی۔**

A) ایّامِ تشریق کے وسط میں بمقام منیٰ
B) حجۃ الوداع کے تاریخی خطبہ کے اختتام پر بمقام عرفات
C) صلح حدیبیہ سے واپس جاتے ہوئے راستے میں
D) دورانِ عبادت غارِ حرا میں

7۔حج یا عمرہ کے موقعہ پر بغیر سلے پہنے جانے والے کپڑے کہلاتے ہیں۔

A) عبایا
B) اہرام
C) اِحرام
D) شیروانی

8۔ وہ مقررہ الفاظ جن سے بحر بنتی ہے۔ کہلاتے ہیں۔

A) تقطیع
B) بحر
C) عروض
D) ارکان

9۔ ذیل میں ماہر القادری کا شعری مجموعہ نہیں ہے۔

A) ذکرِ جمیل
B) محرابِ دعا
C) ظہورِ قدسی
D) جذباتِ ماہر

10۔وہ اسکول جہاں محمد رفیع انصاری درس و تدریس کے خدمات انجام دیئے۔

A) سرکاری ہائی اسکول، بھیونڈی
B) علی گڈھ ہائی اِسکول، علی گڈھ
C) الامان ہائی اسکول، تھانہ
D) رئیس ہائی اسکول، بھیونڈی

11۔ آئین ساز اسمبلی میں زبان پر بحث کے دوران کانگریسی لیڈر سیٹھ گووند داس کے سوال کے جواب میں نہرو نے کہا۔

A) اردو ساری دنیا کی زبان ہے
B) اردو عوامی زبان ہے
C اردو میری اور میری دادی کی زبان ہے
D) اردو ہندوستان کی زبان ہے

12۔ احمد نگر کی اسیری میں جواہر لال نہرو نے جس سے اردو کا درس لیا۔

A) جوش ملیح آبادی
B) حسرت موہانی
C) مولانا ابوالکلام آزاد
D) فراقؔ گورکھپوری

13۔ ذیل میں "لاحقہ" کی نشاندہی کیجیے۔

A) عدم تشدد
B) بے چین
C) حاجت مند
D) پامال

14۔ ذیل میں معنوی لحاظ سے غیر متعلق لفظ ہے۔

A) عناد
B) دربار
C) دشمنی
D) لڑائی

15۔ مضمون کا پہلا حصہ کہلاتا ہے۔

A) تمہید
B) نفس مضمون
C) خاتمہ
D) ان میں کوئی نہیں

16۔ حضرت امام حسینؓ کس کی خاطر پیاسہ مرنا گوارہ کیا۔

A) اولاد کو بخشوانے کی خاطر
B) خلافت کی خاطر
C) رفقا کو بخشوانے کی خاطر
D) اُمت کو بخشوانے کی خاطر

**17۔ فراقؔ گورکھپوری نے جس یونیورسٹی سے انگریزی میں یم–اے۔ کیا، وہ یہ ہے۔**

A) علی گڈھ یونیورسٹی B) مولانا ابوالکلام آزاد یونیورسٹی

C) آگرہ یونیورسٹی D) عثمانیہ یونیورسٹی

**18۔ ذیل میں خط کا جز نہیں ہے۔**

A) القاب و آداب B) متن

C) اختتام D) کردار

**19۔ زہرہ جمال جس پیشے سے وابستہ تھیں۔**

A) تجارت B) ڈاکٹری

C) درس و تدریس D) مصوری

**20۔ پرنسپل بھرت نارائن نے ساری زندگی پڑھی اور پڑھایا تھا۔**

A) تاریخ B) فلسفہ

C) سائنس D) نفسیات

**21۔ مولانا رجب کو جب خبر ملی کہ ودیا چرن جی ایکتا اور اہنسا کی بات کر رہے ہیں تو وہ بھی ــــــــــــــــ**

A) ودیا چرن جی کی طرح ایکتا اور اہنسا کی بات کرنے لگے۔

B) صوفیوں اور ولیوں کی بات کرنے لگے

C) رام اور رحیم کی بات کرنے لگے

D) عدم تشدد کی بات کرنے لگے

22۔ گئی۔ کئی آڑی ترچی لکیروں کا اک جال سا بن گیا ہے

درجِ بالا مصرعے میں "آڑی ترچی لکیروں" سے شاعر کی مراد ہے۔

A) بے ترتیب لکیروں کا کھینچنا

B) مکڑی کا جال

C) ملکی سرحدیں

D) مچھلیوں کا جال

23۔ کربلائی مرثیہ سے مراد ———————

A) جس نظم میں مرنے کے بعد کسی عظیم شخص کے اوصاف بیان کئے جاتے ہیں

B) جس نظم میں باحیات کسی عظیم شخص کے اوصاف بیان کئے جاتے ہیں

C) جس نظم میں حضرت امام حسینؓ اور ان کے رفقا کی شہادت کے واقعات بیان کئے جاتے ہیں

D) جس نظم میں مرنے کے بعد اپنے عزیز و اقارب کے واقعات بیان کئے جاتے ہیں

24۔ "تم میرے پاس ایسے کو لائے ہو جو خاقانی سے دو قدم آگے ہو گا۔ نَو مَولُود بچے امیر خسرو کو دیکھ کر یہ جملہ کہنے والے ———

A) مرد درویش

B) ان کے استاد خواجہ سعد الدین

C) عالم خواجہ عزیز الدین

D) نانا عماد الملک

25۔ تل اوپر کے دو ہیں بھائی ان کا ہے یہ کا م
لڑیں بھڑیں آپس میں دونوں مل کر کریں کلام

درجِ بالا امیر خسرو کی پہیلی کے معنی ہیں۔

A) خربوزہ

B) پان

C) چھتری

D) ہونٹ

26۔ امیر خسرو نے جن ملکوں کی موسیقی کے امتزاج سے نئے سُر ایجاد کئے۔

A) ہندوستان اور ترکستان
B) ہندوستان اور ایران
C) ہندوستان اور چین
D) ہندوستان اور افغانستان

27۔ غزل کا سب سے بہترین شعر کہلاتا ہے۔

A) مطلع
B) حسنِ مطلع
C) بیت الغزل
D) مقطع

28۔ نثر میں مرزا غالبؔ کو جس سے شہرت حاصل ہے۔

A) داستاں نگاری
B) ناول نگاری
C) خطوط نگاری
D) افسانہ نگاری

29۔ اصغرؔ گونڈی کے شعری مجموعے کی نشاندہی کیجیے۔

A) بانگِ درا
B) نشاطِ روح
C) پہچان کا درد
D) آہنگ

30۔ رباعی میں حاصلِ کلام مصرعہ ہوتا ہے۔

A) پہلا
B) دوسرا
C) تیسرا
D) چوتھا

31۔ وہ شاعر جس کی شاعری اسلامی نظریات کی تفسیر ہے۔

A) مرزا غالبؔ
B) علامہ اقبالؔ
C) جوشؔ ملیح آبادی
D) اصغرؔ گونڈوی

32۔ ذیل میں مفرد جملے کی مثال نہیں ہے۔

A) رات گذاری۔
B) منادی ہوئی۔
C) خدا کا پیغام پہنچا دیا اور اپنا فرض ادا کیا۔
D) نماز ادا کی۔

33۔ جملہ اسمیہ میں مسندِ الیہ کو کہتے ہیں۔

A) مبتدا
B) خبر
C) فعل ناقص
D) ان میں کوئی نہیں

34۔ کسی دو الگ چیزوں کو ان کی مشترکہ صفت کی بنا پر مثال دینا، کہلاتا ہے۔

A) تشبیہ
B) استعارہ
C) تضاد
D) تکریر

35۔ واحد اور جمع کے لحاظ غیر متعلق لفظ ہے۔

A) اِحسان
B) جنون
C) فنون
D) خاندان

36۔ "بے قدری" کے معنی میں استعمال ہونے والے محاورے کی نشاندہی کیجیے۔

A) گھر کی مرغی دال برابر
B) پہاڑ ٹوٹنا
C) نو سو چوہے کھا کر بلی حج پر چلی
D) جان چھڑکنا

**37۔ غ۔ "بک رہا ہوں جنوں میں کیا کیا کچھ "۔**

**درجِ بالا مصرعہ سے مربوط مصرعِ ثانی کی نشاندہی کیجیے۔**

A) میرے دکھ کی دوا کرے کوئی

B) دل میں ایسے کے جا کرے کوئی

C) کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی

D) نہ کہو ، کر برا کرے کوئی

**38۔ اماں لاٹھی کے سہارے چلتی تھیں۔ جملے میں فعل کی نشاندہی کیجیے۔**

A) اماں

B) لاٹھی

C) سہارے

D) چلتی تھیں

**39۔۔ ایسا جملہ جس کے دوسرے جُز سے پہلے جُز کے مخالف معنی ظاہر ہو، کہلاتا ہے۔**

A) وَصلی

B) تردیدی

C) استدراکی

D) سببی

**40۔ ذیل میں "جملہ خبریہ" کی نشاندہی کیجیے۔**

A) جوشؔ صاحب پورے طُمطُراق کے ساتھ نظم پڑھے جا رہے تھے۔

B) یہ نہ کہوں تو اور کیا کہوں؟

C) اے خدا! ہمیں صراطِ مستقیم پر چلا۔

D) ہوشیار آگے کا راستہ پُر خطر ہے۔

Rough Work　　　　کچے کام کے لیے

ادب اطفال

# SSLC MODEL PRACTICE OMR SHEET

## SSLCC ANNUAL EXAMINATION 2020-21

Important Instructions

1. Use only blue/ Black ball point pen to shade circle for answers
2. Do not write any rough work on OMR Sheet
3. Do not fold, OMR Sheet

| Example | |
|---|---|
| Wrong method | Correct method |
| Ⓐ ✓ Ⓒ Ⓓ<br>Ⓐ Ⓑ ⊗ Ⓓ<br>Ⓐ ⬬ Ⓒ Ⓓ<br>Ⓐ Ⓑ ● ● | Ⓐ ● Ⓒ Ⓓ |

## FIRST LANGUAGE

NUMBER :
U DISE/ KSEEB CODE :
SATS ID :
STUDENT NAME :
GENDER :
DISTRICT CODE/NAME :
BLOCK CODE / NAME :
CENTER CODE ADRESS :
SATS ID :
CENTER CODE, NAME & ADRESS :
CANDIDATE TYPE :
MEDIUM URDU :
DATE OF EXAMINATION NUMBER :
PHYSICAL :

PHOTO

SIGNATURE

QR CODE

QPVersion Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ

If Absent shade "AB" ○

| Q. No | Answer | Q. No | Answer | Q. No | Answer | Q. No | Answer |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ | 11 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ | 21 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ | 31 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ |
| 2 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ | 12 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ | 22 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ | 32 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ |
| 3 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ | 13 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ | 23 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ | 33 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ |
| 4 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ | 14 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ | 24 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ | 34 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ |
| 5 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ | 15 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ | 25 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ | 35 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ |
| 6 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ | 16 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ | 26 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ | 36 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ |
| 7 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ | 17 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ | 27 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ | 37 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ |
| 8 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ | 18 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ | 28 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ | 38 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ |
| 9 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ | 19 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ | 29 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ | 39 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ |
| 10 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ | 20 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ | 30 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ | 40 | Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ |

| Student Signature |
|---|
| |

| Room Invigilator Signature |
|---|
| |